اپنے ہیپاٹائٹس بی کے ٹیسٹ کے نتائج کو سمجھنا*

ہیپاٹائٹس بی کے بلڈ ٹیسٹوں کا پینل تین ٹیسٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ آپ کی حالت کی تصدیق کرنے کے لئے تینوں نتائج معلوم ہونا ضروری ہے۔ ذیل میں ٹیسٹوں کے نتائج کی عام ترین وضاحت کا چارٹ دیا گیا ہے، تاہم ٹیسٹوں کے غیر معمولی نتائج بھی آ سکتے ہیں۔

براہ کرم نوٹ کریں: یہ چارٹ طبی مشورے کا نعم البدل نہیں ہے۔ مکمل وضاحت کے لئے اپنے طبی معالج سے بات کریں اور اپنے ٹیسٹ کے نتائج کی پرنٹ شدہ نقل حاصل کریں۔

HBsAg ہیپاٹائٹس بی سرفیس اینٹی جن ٹیسٹ	**HBsAb** (anti-HBs) ہیپاٹائٹس بی سرفیس اینٹی باڈی ٹیسٹ	**HBcAb** (anti-HBc) ہیپاٹائٹس بی کور اینٹی باڈی ٹیسٹ	نتائج کا کیا مطلب ہے	آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے
−	−	−	**آپ مامون/محفوظ نہیں ہیں** • آپ متاثر نہیں ہیں اور ماضی میں متاثر نہیں ہوئے۔ • آپ کو ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کا خطرہ ہے۔	**ویکسین کی ضرورت ہے**
−	+	−	**آپ مامون/محفوظ ہیں** • آپ متاثر نہیں ہیں۔ • ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی وجہ سے آپ کو تحفظ حاصل ہے۔	**ویکسین کی ضرورت نہیں ہے**
−	+	+	**آپ فطرتی انفیکشن کی وجہ سے مامون ہیں** • آپ پہلے ہیپاٹائٹس بی انفیکشن سے صحتیاب ہو چکے ہیں۔ • آپ دوسروں کو متاثر نہیں کر سکتے۔	**ویکسین کی ضرورت نہیں ہے** • اپنے تمام ڈاکٹروں کو اپنے ہیپاٹائٹس بی کے ٹیسٹ کے نتائج کے بارے میں بتائیں۔ • مدافعتی نظام کی اہلیت کم کرنے والی ادویات لینے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے بات کریں کیوں کہ یہ ہیپاٹائٹس بی دوبارہ سرگرم ہونے کا خطرہ بڑھا سکتی ہیں۔
+	−	+	**آپ متاثر ہیں** • آپ کے خون میں ہیپاٹائٹس بی وائرس ہے۔ • آپ دوسروں میں ہیپاٹائٹس بی وائرس پھیلا سکتے ہیں۔	**آپ کو مزید ٹیسٹنگ کی ضرورت ہے** • مزید معائنے اور ٹیسٹنگ کے لئے ڈاکٹر سے بات کریں۔ • اپنے تمام ڈاکٹروں کو اپنے ہیپاٹائٹس بی کے ٹیسٹ کے نتائج کے بارے میں بتائیں۔ • یقینی بنائیں کہ آپ کے شریک حیات اور آپ کے ساتھ رہنے والے افراد ٹیسٹ اور ویکسینیشن کروائیں۔
−	−	+	**آپ متاثر ہو سکتے ہیں** • نتائج واضح نہیں—ماضی یا حال میں ہیپاٹائٹس بی انفیکشن کا امکان ہے۔	**آپ کو مزید ٹیسٹنگ کی ضرورت ہے** • مزید معائنے اور ٹیسٹنگ کے لئے ڈاکٹر سے بات کریں۔ • اپنے تمام ڈاکٹروں کو اپنے ہیپاٹائٹس بی کے ٹیسٹ کے نتائج کے بارے میں بتائیں۔ • مدافعتی نظام کی اہلیت کم کرنے والی ادویات لینے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے بات کریں کیوں کہ یہ ہیپاٹائٹس بی دوبارہ فعال ہونے کا خطرہ بڑھا سکتی ہیں۔ • یقینی بنائیں کہ آپ کے شریک حیات اور آپ کے ساتھ رہنے والے افراد ٹیسٹ اور ویکسینیشن کروائیں۔

*اس ٹیبل میں درج معلومات کا اطلاق ان لوگوں پر نہیں ہوتا جنھیں مختصر (یا تازہ) ہیپاٹائٹس بی ہو۔

DOH 420-434 October 2022 Urdu

کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لیے، 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین، براہِ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔

Washington State Department of Health

HepBHub

doh.wa.gov/hepbhub